پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

31 دسمبر 2016

آر بی آئی نے اپنے مقیم اور غیر مقیم ہندوستانیوں کے لئے جو بیرونی ملک تھے، کو مخصوص بینک نوٹوں کی تبدیلی کے لئے ایک سہولت شروع کی

ریزرو بینک نے اپنے ان مقیم و غیر مقیم ہندوستانیوں کیلئے نو 9 نومبر 2016 سے 30 دسمبر 2016 کے درمیان ملک سے یا باہر تھے انکے پاس مخصوص کینسل شدہ بینک نوٹوں کو تبدیل کرنے کیلئے ایک اور موقع فراہم کیا ہے۔

وہ مقیم ہندوستانی جو 9 نومبر 2016 سے 30 دسمبر 2016 تک ملک سے باہر تھے یہ سہولت 31 مارچ 2017 تک موجود ہے اور غیر مقیم ہندوستانیوں کیلئے جو 9 نومبر 2016 سے 30 دسمبر 2016 بیرون ملک تھے وہ یہ سہولت 30 جون 2017 تک حاصل کر سکتے ہیں۔

اہل مقیم ہندوستانیوں کیلئے بینک نوٹ تبدیل کرنے کی کوئی لمٹ نہیں ہے لیکن غیر مقیم ہندوستانیوں کیلئے بینک نوٹ تبدیلی فیما قوانین کے تحت ہی ہوگی۔ ان کو یہ موقع صرف ایک بار اپنی نجی حیثیت میں اپنی پہچان کا ثبوت جمع کرنے پر حاصل ہوگا۔ مثلاً آدھار کارڈ، پین کارڈ وغیرہ انکو اس بات کا بھی دستاویز ثبوت دینا ہوگا کہ وہ اس دوران ملک سے باہر تھے اور انہوں نے اس سے پہلے نوٹ تبدیل کی سہولت نہیں لی ہے۔ غیر مقیم ہندوستانیوں کو کسٹم اتھارٹی سے انکے پاس کینسل شدہ بینک نوٹوں کو بیرون ملک سے لائے ہیں کا سٹیفکیٹ بھی پیش کرنا ہوگا۔ اس سہولت کے تحت تھرڈ پارٹی ٹینڈر منظور نہیں کیے جائیں گے۔

ساری شرائط پوری ہونے پر اور ٹینڈر رکیۓ ہوئے بینک نوٹ جائز ہیں انکے ذریعہ جمع کی گئی رقم انکے کے وائی سی مکمل ہوئے بینک کے کھاتہ میں کریڈٹ کردی جائے گی۔

مقیم ہندوستانیوں کیلئے یہ سہولت 2 جنوری 2017 سے 31 مارچ 2017 رکھی رہیں گی۔ اور غیر مقیم ہندوستانیوں کیلئے یہ سہولت 2 جنوری 2017 سے 30 جون 2017 تک کھلی رہیں گی۔

یہ سہولت ریزرو بینک کے ممبئی، کولکاتہ، چنئی، دہلی اور ناگپور دفتروں کے ذریعہ فراہم کی جائیں گی۔

نیپال، بھوٹا، پاکستان اور بنگلہ دیش میں رہنے والے ہندوستانی شہری اس سہولت سے استفادہ حاصل نہیں کر سکتے ہیں۔

کوئی بھی شخص جو ریزرو بینک کے اس فیصلہ سے پریشانی محسوس کرتا ہے اسکو ریزرو بینک کے کسی دفتر سے بینک نوٹ تبدیل کرنے میں منع کیا

جاتا ہے تو وہ اس انکار کے 14 دنوں کے اندر ریزرو بینک کے سینٹرل بورڈ میں اپیل کرسکتا ہے۔ وہ اپنا محضر نامہ (ریپریزینٹیشن) سینٹرل بورڈ، ریزرو بینک آف انڈیا سکریٹریز ڈپارٹمنٹ، سینٹرل آفس بلڈنگ، 16 ویں منزل شہید بھگت سنگھ مارگ، ممبئی 400001 کو مخاطب کرتے ہوئے ارسال کرسکتا ہے۔

اس سہولت کے بارے میں مزید تفصیل آر بی آئی کی ویب سائٹ http://rbi.ogr.in پر موجود ہے۔

یہ سہولت بھارت سرکار کے ذریعہ مورخہ 30 دسمبر 2016 کے مخصوص بینک نوٹس (ذمہ داریوں پر روک) آرڈیننس 2016 کے سیکشن 4(I) جسکو نوٹیفکیشن ایس۔او (E)4251 مورخہ 30 دسمبر 2016 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت دی گئی ہے۔

پریس ریلیز 1728/2016-2017

الپنا کلا والہ

پرنسپل ایڈوائزر

متعلقہ لنک:
ایف اے کیوز ("اکثر پوچھے جانے والے سوالات) جو پرانے -/500 روپیہ اور 1000 بینک نوٹوں کی
لیگل ٹینڈر حیثیت کی واپسی سے اور مخصوص بینک نوٹ (ذمہ داریوں پر روک
آرڈیننس 2016 سے متعلق ہیں۔